





# گروپوں میں گنتی

4206CH02


## غور کیجیے اور عدد کا اندازہ لگایئے





کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کتنے جوڑی جوتے ہیں؟

کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کتنی پیالیاں ہیں؟



3 اور 3 ملا کر 6 پیالیاں ہوئیں۔ اب 6 اور 4 پیالیاں اوپر دی گئی ہیں۔ جو کہ 10 پیالیاں ہونی چاہیے۔

یہاں 3 قطاریں ہیں اور ہر قطار میں 3 جوڑی جوتے ہیں۔ جو کہ یہ 9 جوڑی جوتے بناتے ہیں

© NCERT not to be republished

✸ غور کیجیے کہ مختلف چیزوں کے مجموعے کیسے بنائے جاتے ہیں۔ ایک ایک چیز کو گِنے بنا کل تعداد کا اندازہ لگانے کی کوشش کیجیے۔



گلاس ____________




چوڑیاں ____________



بُندوں کے جوڑے ____________

یہاں چمچیوں کے تین گروپ ہیں۔



✸ ہرایک گروپ میں کتنی چمچیاں ہیں؟ ____________

✸ چمچیوں کی کل تعداد کا اندازہ لگایئے ____________

بچوں سے آس پاس پائی جانے والی چیزوں کی تعداد کا اندازہ لگانے کے لئے کہیے۔ یہ اس لیے کرایا جارہا ہے تاکہ بچے چیزوں کی ترتیب پر دھیان دیں اور چیزوں کو گروپوں میں شمار کرنا سیکھیں۔

© NCERT not to be republished

## کم یا زیادہ، آیئے اندازہ لگائیں۔

صحیح جواب کے گرد دائرہ بنایئے

- آپ کے منہ میں دانتوں کی تعداد
  - 40 سے زیادہ
  - 40 سے کم




- ایک سنترے میں بیجوں کی تعداد
  - 50 سے زیادہ
  - 50 سے کم




- ماچس کی ڈبیہ میں تیلیوں کی تعداد
  - 30 سے زیادہ
  - 30 سے کم



- آپ کی کلاس میں پنسلوں کی تعداد
  - 45 سے زیادہ
  - 45 سے کم



- سائیکل کے ایک پہیے میں تیلیوں کی تعداد
  - 20 سے زیادہ
  - 20 سے کم



© NCERT
not to be republished

## کُودو جب تک گِرو نہیں



- آپ اپنے سیدھے پیر پر بغیر گرے کتنی بار کود سکتے ہیں؟______________

- آپ اپنے بائیں پیر پر بغیر گِرے کتنی بار کود سکتے ہیں؟______________

## نقطوں کو ملایئے

جو جو کتا بھوکا ہے۔ 21 سے 52 تک کے نقطوں کو ترتیب سے ملایے اور ذرا دیکھیے اس کے کھانے کے لیے کیا چھپا ہے۔






© NCERT not to be republished

## شریر بھرّو

بھرّو نے اس کتاب کے کچھ صفحے پھاڑ دیے۔




صفحوں کے نمبروں کو صحیح ترتیب سے لکھیے۔




## اُلجھی دُم

چِیکو چوہے کی دُم بہت لمبی ہے۔

جب وہ سورہا تھا، تو شریر بلّی نے سوچا کہ چلو اس کی دُم کو کھمبوں سے باندھ دوں۔ اُس نے سب سے بڑے نمبر والے کھمبے سے باندھنا شروع کیا اور سب سے چھوٹے نمبر والے کھمبے تک سبھی کھمبوں کو ترتیب سے باندھتی چلی گئی۔

دُم باندھنے میں بلّی کی مدد کیجیے۔ لیکن دھیان رہے کہ دُم کہیں پر بھی کراس نہ کرے۔




© NCERT not to be republished

# بڑی گاجر



ایک بوڑھے آدمی نے گاجر کا ایک بیج بویا۔



گاجر بڑی اور میٹھی پیدا ہوئی۔ گاجر بہت بڑی ہوگئی۔

اُس نے گاجر اُکھاڑنے کی کوشش کی مگر وہ نہیں اُکھڑی۔

اُس نے جلدی سے اپنی بیوی کو بلایا۔

بوڑھے آدمی نے گاجر کی پتیوں کو پکڑ کر کھینچا اور اُس کی بیوی نے اُس کو پکڑ کر کھینچا۔ مگر وہ دونوں مل کر بھی گاجر نہیں اُکھاڑ پائے۔

بوڑھی عورت نے اپنی پوتی کو بلایا۔ بوڑھے آدمی، بوڑھی عورت اور اُن کی پوتی تینوں نے مل کر کوشش کی۔ مگر وہ گاجر نہیں اُکھاڑ پائے۔





© NCERT not to be republished


پوتی نے اپنے کتّے کو بلایا۔ بوڑھا آدمی، اُس کی بیوی، پوتی اور اُن کے کتّے نے مل کر زور لگایا مگر گاجر نہیں اُکھاڑ پائے۔ اس کے بعد کتّے نے بلّی کو بلایا۔

سب نے مل کر زور لگایا اور بلّی نے کُتّے کی دم پکڑی مگر گاجر نہیں اکھاڑ پائے۔

تب بلّی نے چوہے کو آواز دی۔



سب نے مل کر بہت زور لگایا اور گاجر باہر آئی۔ زبوم! وہ سب کے سب گر پڑے۔




اُن سب کو بہت مزا آیا۔ سب مل کر باورچی خانے میں گئے اور انھوں نے گاجر کا حلوا بنایا۔ پھر سب نے مل کر کھایا۔



© NCERT not to be republished

## تصویر دیکھیے اور لکھیے۔

- کتنے لوگ مل کر گاجر کو کھینچ رہے ہیں؟
- سب سے پہلے کس نے کھینچا تھا؟
- قطار میں بلّی ــــــــــــــــ نمبر پر ہے۔



- گاجر کو چوتھے نمبر پر کون کھینچنے والا تھا؟
- بلّی کے آنے سے پہلے کتنے لوگ گاجر کو کھینچ رہے تھے؟
- قطار میں تیسرے نمبر والے کی ٹوپی بنائیے۔
- قطار میں چھٹے نمبر والے کی مونچھیں بنائیے۔

اساتذہ خود بخود کچھ ایسے عملی کام کر سکتے ہیں جن کی مدد سے ترتیب والے اعداد سکھائے جا سکیں۔ مثلاً چھے بچوں کو ایک قطار میں کھڑا کر دیجیے اور اُن کو اُن کی ترتیب بتا دیجیے جیسے پہلا، دوسرا، تیسرا وغیرہ اُن سے کچھ دلچسپ کام کروایئے جیسے تیسرا بچہ اپنے ساتھی کے گدگدی کرے، دوسرا بچہ اپنی ناک پکڑے وغیرہ



© NCERT not to be republished

## سیما کا سینکڑا

سیما نے مختلف بندیوں کو ملا کر ایک ڈیزائن بنایا۔



- گروپوں کو دیکھیے اور بِندیوں کی کل تعداد کا اندازہ لگایے۔
- 100 بِندیاں پوری کرنے کے لیے کچھ اور گروپ بنایے۔ آپ کو اور کتنی بِندیاں بنانی پڑیں گی؟